© rasailojaraid.com

بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اسلامی سیرت و کردار کے یہ نادر نمونے ہر وقت ہمارے سامنے رہیں کیونکہ ان کی پیروی کے بغیر ہم وہ افراد پیدا نہیں کر سکتے جن کے ہاتھوں صحیح اسلامی معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف بیس جاں نثاروں کے حالات نہایت مختصر طور پر درج ہیں۔ ہم فاضل مصنف کی خدمت میں ایک تو یہ گزارش کریں گے کہ وہ باقی اصحابِ رسول کے حالات بھی قلمبند کریں اور دوسرے حالات کو قدرے جامعیت سے بیان کریں تاکہ پڑھنے والے کو تشنگی محسوس نہ ہو۔

کتابت اور طباعت کا معیار گوارا ہے۔

---

| | |
|---|---|
| **ڈاکٹر نذیر احمد شہید شعراء کی نظر میں** | مرتبہ: عمر فاروق احسن صاحب<br>شائع کردہ۔ اسلامی جمعیت طلبہ |

بلاک نمبر ۲ قائداعظم روڈ، نزد ٹاؤن ہال۔ ڈیرہ غازی خان۔

قیمت: ۲ روپے پچاس پیسے۔ صفحات: ۷۲

ڈاکٹر نذیر احمد کی شہادت پر اس ملک کے ہر ہوشمند اور حساس شخص نے سخت رنج محسوس کیا چنانچہ ہر طبقۂ خیال نے اپنے احساسات کو کسی نہ کسی طرح بیان کرنے کی کوشش کی۔ شعرائے کرام نے اس المیہ پر جس طرح اپنے جذبات کا اظہار کیا اُسے نوجوان مرتب نے زیر تبصرہ کتاب میں یکجا کر دیا ہے۔ یہ ایک قابلِ ستائش کوشش ہے لیکن ہم تحریک اسلامی کے نوجوانوں سے جنہیں ہم دنیائے اسلام کے مستقبل کی روشن اُمیدیں سمجھتے ہیں، یہ ضرور کہنا چاہتے ہیں کہ وہ تصویر کے معاملے میں بھی اسلام کا نقطۂ نظر ضرور سامنے رکھیں۔ ایک ناگزیر ضرورت کے طور پر تو اس کا جواز نکل سکتا ہے لیکن جس انداز سے انہوں نے ڈاکٹر نذیر احمد شہید کی تصویروں سے اپنی کتاب کو مزین کیا ہے، اُسے خدا کا یہ اطاعت گزار بندہ کبھی پسند نہ کرتا۔

© rasailojaraid.com